January 25, 2023

DAILY JIHAD

Jihad Against Poverty & Illiteracy in Pakistan Free from all Religious Groups & Creeds

MEMBER A.P.N.S

ABC CERTIFIED

روزنامہ جہاد پشاور

DAILY JIHAD PESHAWAR

بانی: شریف فاروق مرحوم

ایڈیٹر: طاہر فاروق

ESTABLISHED SINCE 1975

جلد 44

شمارہ 275

# 2022 میں 1 لاکھ 60 ہزار شکایات پر کارروائی کی گئی، اعجاز قریشی



## اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت کے بغیر ایک سال میں اپنی کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ

## قانون کی حکمرانی اور سرکاری دفاتر کے نظام کو بہتر انداز میں چلانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا

## وفاقی محتسب کے 40ویں یوم تاسیس پر خصوصی تقریب کا انعقاد، یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری

اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ادارے کے چالیسویں یومِ تاسیس کے موقع پر ایک سادہ اور پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 106)



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے یوم تاسیس کے موقع پر پاکستان پوسٹ کا جاری کردہ یادگاری ٹکٹ چسپاں کر رہے ہیں

## بقیہ 106

سیکرٹیریٹ نے گزشتہ 40 برسوں کے طویل سفر کے دوران کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں جو اس کے لیے نیک نامی کا باعث ہیں۔ انہوں نے سابقہ محتسبین کی خدمات کو بھی بھرپور انداز سے سراہا جن کی مسلسل کاوشوں سے اس ادارے نے ترقی کی منازل طے کیں اور اب تک 19 لاکھ کے قریب شکایات نمٹائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دے کر کہا کہ پچھلے سال ہم نے بہت سے نئے اقدامات اٹھائے اور سادہ و آسان دفتری طریق کار اختیار کر کے کسی اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت کے بغیر ایک سال میں اپنی کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ کیا۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے چھوٹے شہروں اور دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا آغاز کیا گیا اور ہمارے 17 علاقائی دفاتر کی طرف سے تحصیلوں اور ضلعوں کی سطح پر کھلی کچہریاں لگا کر ملک بھر میں عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا گیا۔

www.express.com.pk

DAILY EXPRESS

روزنامہ ایکسپریس اسلام آباد

پاکستان کے 11 شہروں سے بیک وقت شائع ہونے والا واحد اخبار

WEDNESDAY, JANUARY 25, 2023

جلد 22 شمارہ 238 | بدھ، 2 رجب المرجب، 25 جنوری 2023ء، صفحات 10 قیمت 20 روپے

# وفاقی محتسب کی کارکردگی پر یادگاری ٹکٹ جاری

## لاہور میں 40 سال مکمل ہونے پر یوم تاسیس کے حوالے سے میڈیا بریفنگ کا اہتمام

اسلام آباد، لاہور (نیوز رپورٹر، اپنے سٹاف رپورٹر سے) وفاقی محتسب کی چالیس سالہ کارکردگی پر محکمہ ڈاک نے یادگاری ٹکٹ جاری کیا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پریس کانفرنس میں کہا چالیس سال میں 19 ملین لوگوں کو انصاف فراہم کیا، 2022 میں 174 شکایات (باقی صفحہ 5 نمبر 61)



وفاقی محتسب اعجاز قریشی ادارے کی 40 ویں سالگرہ پر جاری ٹکٹ کے افتتاح پر دعا مانگ رہے ہیں

61 محتسب ٹکٹ

کا ازالہ کیا گیا جو گزشتہ سال کی نسبت 50 فیصد زیادہ ہے، جیلوں میں قیدیوں کی فلاح کے لئے بھی خاطر خواہ کردار ادا کیا ہے۔ علاوہ ازیں وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس لاہور میں ادارہ کے 40 سال مکمل ہونے پر یوم تاسیس کے حوالے سے میڈیا بریفنگ کا اہتمام کیا گیا۔ عبدالحمید رازی، ریاض حمید چوہدری اور دیگر نے کہا اس ادارے کا بنیادی مقصد سرکاری اداروں یا اس کے ملازمین کے ہاتھوں انتظامی زیادتیوں، امتیازی سلوک کے خلاف عوام الناس کی شکایات کا ازالہ کرنا ہے۔ وہ لوگ جن کی کہیں شنوائی نہیں ہو رہی، وہ سادہ کاغذ پر ایک درخواست لکھ کر وفاقی محتسب کو بھجوائیں تو اس پر کارروائی شروع ہو جاتی ہے۔

روزنامہ
پرواز
لاہور
فیصل آباد
جمعرات 26 جنوری 2023ء 03 رجب المرجب 1444ھ



# وفاقی محتسب کی 40 سالہ عوامی خدمات کے سلسلہ میں تقریب کا انعقاد

## وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس فیصل آباد میں منعقدہ تقریب میں ڈپٹی کمشنر عمران حامد شیخ کی بحیثیت مہمان خصوصی شرکت

## وفاقی محتسب ریجنل دفاتر کا قیام وفاقی اداروں کیخلاف عوامی شکایات کے ازالے کیلئے انتہائی کامیاب ماڈل ہے، ڈپٹی کمشنر

فیصل آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس فیصل آباد میں وفاقی محتسب 1983) تا (40) 2023 سالہ عوامی خدمات کے سلسلے میں تقریب کا انعقاد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر فیصل آباد عمران حامد شیخ نے مہمان خصوصی کی حیثیت سے شرکت کی۔ اس موقع پر ایسوسی ایٹ ایڈوائزر ریجنل وفاقی محتسب سیکرٹریٹ سید غضنفر مہدی، ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل فس شاہد حسین جیلانی، اور اسسٹنٹ رجسٹرار یاسر شبیر نے معزز مہمان کا استقبال کیا۔ ڈپٹی کمشنر نے اس موقع پر کہا کہ وفاقی محتسب ریجنل دفاتر کا قیام وفاقی اداروں کے خلاف عوامی شکایات کے ازالے کیلئے ایک انتہائی کامیاب ماڈل ہے۔ اس ادارے کے 40 سال مکمل ہوتا ہی اس ادارے کی کامیابی کی دلیل ہے اور ایک سال میں 7 ہزار عوامی شکایات کا بڑھ کر ایک لاکھ تک پہنچنا ادارے پر عوام کے اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ عوامی خدمت میں بڑھ چڑھ کر اپنا حصہ ڈال رہا ہے اور عوام کو جلد اور سستا انصاف فراہم کر رہا ہے اور ضلعی انتظامیہ عوامی مسائل کے حل کیلئے بھر پور طریقے سے اسکے ساتھ کھڑی ہے۔ ریجنل وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے سربراہ ایسوسی ایٹ ایڈوائزر سید غضنفر مہدی نے اس موقع پر ادارے کے خدوخال اور کارکردگی بارے بتاتے ہوئے کہا کہ آج ہم پاکستان بھر کے تمام ریجنل دفاتر میں وفاقی محتسب کے قیام کی 40 سالہ تقریبات منا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا یہ ادارہ سپریم جوڈیشل نظام کے شانہ بشانہ عوامی مسائل کے فوری اور مفت حل کیلئے کام کر رہا ہے اور 1983 سے یہ ادارہ بغیر کسی مداخلت کے عوامی خدمت میں پیش پیش ہے۔ ایڈوائزر نے کہا کہ اس ادارے کے قیام کا مقصد وفاقی اداروں کے متعلق عام آدمی کی شکایات کا اسکی دہلیز پر مفت اور جلد انصاف فراہم کرنا ہے ادارے کو 2022 میں ایک لاکھ 64 ہزار شکایات موصول ہوئیں جن میں سے ایک لاکھ 57 ہزار کے فیصلے ہو چکے ہیں۔ ہم کسی بھی شکایت پر 60 دن کے اندر فیصلہ کرتے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان بین الاقوامی محتسب، ایشیائی محتسب اور او آئی سی کے تحت محتسب کے اداروں کا بھی رکن ہے۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب اسلام آباد اعجاز احمد قریشی نے عوامی شکایات کے حل کیلئے ایک غیر معمولی نظام بھی متعارف کرایا ہے۔ سید غضنفر مہدی نے کہا کہ ہم وفاقی سرکاری اداروں جیسے نادرہ، ای او بی آئی، ایف بی آر، پاکستان ریلوے، جی پی او اور دیگر اداروں کے معائنے بھی کرتے ہیں اور نہ صرف عوامی شکایات حل کرتے ہیں بلکہ سرکاری اداروں کے مسائل بھی سنتے ہیں اور انکو حل کرتے ہیں تا کہ عوامی مسائل کے حل کی راہ میں رکاوٹوں کو دور کیا جاسکے۔ فیصل آباد ریجنل دفتر 2001 میں قیام کے بعد سے 400 تا 500 شکایات موصول ہوتی تھیں جو کہ اب عوامی آگاہی اور شعور کے بڑھنے سے اور ضلعی سطح پر مسائل کے حل ہونے سے کافی زیادہ بڑھ گئی ہیں جو کہ عوام کے ادارے پر اعتماد کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سے گزارش اور اپیل ہے کہ کسی بھی وفاقی سرکاری ادار کر دیں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر اور ریجنل وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے افسران اور عملہ نے 40 سالہ تقریبات کا کیک کاٹا۔

www.jang.com.pk
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ
THE DAILY JANG RAWALPINDI
روزنامہ جنگ راولپنڈی
رجسٹرڈ نمبر NPR-002
فون 5962449-5962444 فیکس 5962277
LOCAL EDITION WEDNESDAY JANUARY 25, 2023
بانی...... میر خلیل الرحمٰن
صفحات 12 قیمت 20 روپے
جلد 65 | بدھ 2 رجب المرجب 1444ھ 25 جنوری 2023ء 12 ماگھ 2079ب | نمبر 25

# وفاقی محتسب غریبوں کی عدالت، فوری انصاف کا سستا ذریعہ، اعجاز قریشی

## اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت بغیر ایک سال میں کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ کیا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ادارے کے چالیسویں یوم تاسیس کے موقع پر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب سیکریٹریٹ نے 40 سالوں میں اب تک 19 لاکھ کے قریب شکایات نمٹائی ہیں پچھلے سال ہم نے بہت سے نئے اقدامات اُٹھائے اور سادہ و آسان دفتری طریقِ کار اختیار کر کے کسی اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت کے بغیر ایک سال میں اپنی کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ کیا۔ وفاقی محتسب عوام کو فوری انصاف فراہم کرنے کا انتہائی سستا ذریعہ ہے، اسے آپ غریبوں کی عدالت بھی کہہ سکتے ہیں، جہاں نہ کوئی فیس ہے اور نہ ہی وکیل کا خرچہ۔ اس موقع پر پاکستان پوسٹ نے وفاقی محتسب کی طرف سے عوام کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کے 40 سال کے کامیاب سفر پر 20 روپے کا ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا۔

راولپنڈی/اسلام آباد، پشاور، لاہور، کراچی، کوئٹہ، ملتان، فیصل آباد اور سرگودھا سے اشاعت کے لیے منظور شدہ
786
92
The Daily
92 News
روزنامہ 92 نیوز اسلام آباد
ایڈیٹر انچیف محمد حمید رامین
قیمت 20 روپے
صفحات 10
WEDNESDAY, JANUARY 25, 2023
جلد 7 | بدھ 2 رجب المرجب 1444ھ 25 جنوری 2023ء 13 ماگھ 2079ب | شمارہ 127

# وفاقی محتسب کا 40واں یوم تاسیس، خصوصی ٹکٹ جاری

## 19 لاکھ شکایات کا ازالہ، بیرون ملک شکایت کمشنر مقرر کیا: محتسب اعجاز قریشی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی محتسب کے 40ویں یوم تاسیس کے موقع پر خصوصی ٹکٹ کا اجراء کیا گیا ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ وفاقی محتسب نے 40 سال کے دوران 19 لاکھ شکایات کا ازالہ کیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ وفاقی (باقی صفحہ 4 نمبر 50)



اسلام آباد: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی پریس کانفرنس کر رہے ہیں (فوٹو: 92 نیوز)......

| بقیہ | وفاقی محتسب | 50 |
| --- | --- | --- |

محتسب کو 2022 میں وفاقی اداروں کے خلاف 1 لاکھ 64 ہزار سے زائد شکایات موصول ہوئیں جبکہ اس سال متاثرین کو 3 ارب 30 کروڑ روپے کی رقم دلوائی گئی۔ وفاقی محتسب نے کہا کہ گزشتہ برس سالانہ بنیادوں پر موصول ہونے والی شکایات میں 50 فیصد جبکہ آن لائن شکایات میں 100 فیصد تک کا اضافہ ہوا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ بیرون ممالک مقیم پاکستانیوں کے لئے شکایات کمشنر مقرر کیا گیا، گزشتہ سال بیرون ممالک پاکستانیوں کی 1 لاکھ 37 ہزار 423 شکایات نمٹائی گئیں۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ آن لائن شکایات موبائل فون پر بھی سننے کا آغاز ہو چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت کے 181 اداروں کے خلاف شکایات کو وفاقی محتسب ڈیل کرتا ہے۔

DAILY **AGHAZ-E-SAFAR** MULTAN

روزنامہ

# آغازِ سفر ملتان

چیف ایگزیکٹو محمد ذوالفقار — ایڈیٹر امتیاز ذوالفقار

جلد نمبر 9 | بدھ 2 رجب المرجب 1444 25 جنوری 2023 13 ماگھ صفحات 8 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 175

# وفاقی محتسب کو عوامی خدمت کرتے ہوئے چالیس سال مکمل

## وفاقی محتسب کے چالیسویں یوم تاسیس، ریجنل آفس ملتان میں پروقار تقریب

### ریجنل آفس ملتان میں سب نے ملکر چالیسویں یوم تاسیس کے حوالے سے کیک کاٹا

ملتان (عوامی رپورٹر) وفاقی محتسب پاکستان اعجاز احمد قریشی کی ہدایات پر وفاقی محتسب کے چالیسویں یوم تاسیس کے موقع پر ریجنل آفس ملتان میں پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں وفاقی انشورنس محتسب کے ریجنل ہیڈ سلیم رضا آصف، وفاقی بینکنگ محتسب کے ریجنل ہیڈ محمد شفاقت علی، وفاقی ٹیکس محتسب کے ریجنل ہیڈ ڈاکٹر خلیل احمد اور صوبائی محتسب کے ریجنل ہیڈ قاضی محمد اشفاق نے خصوصی شرکت کی، اس موقع پر ریجنل ہیڈ محمود جاوید بھٹی، ایڈوائزر چوہدری عبدالحمید، سینئر انویسٹی گیشن آفیسر ڈاکٹر زاہد ملک، اور اسسٹنٹ ڈائریکٹر محمود خان میے نے مکمل سٹاف کے ہمراہ معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور سب نے ملکر چالیسویں یوم تاسیس کے حوالے سے کیک کاٹا۔ تقریب سے گفتگو کرتے ہوئے وفاقی محتسب ملتان کے ریجنل ہیڈ محمود جاوید بھٹی نے کہا کہ 24 جنوری 1983 کو صدارتی فرمان کے تحت معرض وجود میں آنے والے اس ادارے نے 08 اگست 1983 کو باقاعدہ کام شروع کیا تھا۔ اس ادارے کے قیام کا بنیادی مقصد وفاقی حکومت کے تحت چلنے والے سرکاری اداروں یا اس کے ملازمین کے ہاتھوں انتظامی زیادتیوں، امتیازی سلوک، استحصال، غفلت اور نا اہلی کے خلاف عوام الناس کی شکایات کا ازالہ کرنا ہے۔ خاص طور پر معاشرے کے پسے ہوئے وہ لوگ جن کی کہیں شنوائی نہیں ہوتی اور نہ ہی وہ عدالتوں اور وکلا کے بھاری اخراجات برداشت کر سکتے ہیں، سادہ کاغذ پر ایک درخواست لکھ کر وفاقی محتسب کو بھجوا دیں تو اس پر بلا تاخیر کارروائی شروع ہو جاتی ہے۔ وفاقی محتسب کو عوامی خدمت کرتے ہوئے چالیس سال مکمل ہو گئے ہیں اور ان چالیس سالوں میں وفاقی محتسب سے مستفید ہونے والے افراد میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ وفاقی محتسب عوامی خدمت میں قانون کے مطابق اداروں کی بدانتظامی کے معاملات نمٹاتے ہوئے ایک منفرد مقام حاصل کر چکا ہے اور عوام الناس کی بڑھتی ہوئی درخواستیں اس بات کا ثبوت ہے کہ وفاقی محتسب پر عوام کا بھرپور اعتماد ہے اور عوام کو اس ادارہ سے مزید استفادہ حاصل کرنا چاہیے۔




ملتان: وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا چالیسویں یوم تاسیس کے حوالے سے کیک کاٹا کے موقع پر گروپ فوٹو

★★ لاہور، اسلام آباد، راولپنڈی فیصل آباد، ملتان اور آزاد کشمیر کا نمائندہ اخبار ★★

# روزنامہ برائٹ سٹار

گروپ چیئرمین نیئر صدیقی
چیف ایڈیٹر ڈاکٹر آصف سیٹھی
سینئر ایڈیٹر محمد یونس مغل
گوجرانوالہ
پاکستان
ایگزیکٹو ایڈیٹر مدثر عظیم انصاری
چیف ایگزیکٹو رانا یاسر عرفات
ایڈیٹر غلام شبیر العصر

جلد: 13 | بدھ 25 جنوری 2023ء، 02 رجب المرجب 1444ھ صفحات 4 قیمت 10 روپے | شمارہ: 147

# وفاقی محتسب کی گزشتہ 40 برسوں کے طویل سفر کے دوران کئی کامیابیاں

## لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کیلئے چھوٹے شہروں اور دوردراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا آغاز کیا گیا: اعجاز احمد قریشی

### ہمارے 17 علاقائی دفاتر کی طرف سے تحصیلوں اور ضلعوں کی سطح پر کھلی کچہریاں لگا کر عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا گیا

گوجرانوالہ (رانا یاسر عرفات سے) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ادارے کے چالیسویں یوم تاسیس کے موقع پر ایک سادہ اور پُروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے گزشتہ 40 برسوں کے طویل سفر کے دوران کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں جو اس کے لیے نیک نامی کا باعث ہیں۔ انہوں نے سابقہ محتسبین کی خدمات کو بھی بھرپور انداز سے سراہا جن کی مسلسل کاوشوں سے اس ادارے نے ترقی کی منازل طے کیں اور اب تک 19 لاکھ کے قریب شکایات نمٹائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دے کر کہا کہ پچھلے سال ہم نے بہت سے نئے اقدامات اُٹھائے اور سادہ و آسان دفتری طریقہ کار اختیار کر کے کسی اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت کے بغیر ایک سال میں اپنی کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ کیا۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے چھوٹے شہروں اور دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا آغاز کیا گیا اور ہمارے 17 علاقائی دفاتر کی طرف سے تحصیلوں اور ضلعوں کی سطح پر کھلی کچہریاں لگا کر ملک بھر میں عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا گیا۔ اسی طرح معائنہ ٹیمیں ترتیب دی گئیں اور ایسے ادارے جن کے خلاف شکایات زیادہ تھیں وہاں پر ہمارے سینئر افسران پر مشتمل ٹیموں نے دورے کر کے لوگوں کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی ہدایات جاری کیں نیز متعلقہ افسران سے میٹنگز کر کے نظام کی اصلاح کے لیے قابل عمل تجاویز دیں جس کے باعث دفتری طریقہ کار میں بہتری کے ساتھ ساتھ لوگوں کے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے اور ان اداروں کے خلاف شکایات میں کمی آئی۔ پچھلے سال اپریل میں آئی آر ڈی Informal (Resolutions of Disputes) منصوبہ شروع کیا گیا جس کے تحت جرگہ اور پنچایت کی طرز پر باہمی رضامندی سے غیر رسمی مصالحتی انداز میں اب تک لوگوں کے 111 تنازعات حل کیے گئے جب کہ 226 کیسز پر کارروائی جاری ہے۔ سال 2022ء کے دوران انویسٹی گیشن افسروں اور ایڈوائزروں کی ذمہ داریاں بڑھائی گئیں جس کے باعث ان کی کارکردگی میں سو فیصد اضافہ ہوا۔ مجموعی طور پر اس سال 3 ارب روپے سے زائد مالیت کے تنازعات کے بارے میں شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب سے رجوع کیا، بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑتا تھا۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ دور دراز اور غیر ترقی یافتہ علاقوں کے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے بیر پور خاص، خضدار اور سوات میں تین علاقائی دفاتر قائم کرنے کے علاوہ حال ہی میں وانا (جنوبی وزیرستان) اور صدہ ضلع کرم میں دو ذیلی دفاتر بھی کھولے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں ایک شکایت کو نمٹانے کے لیے حکومت کا برائے نام خرچ ہوتا ہے جس کے باعث یہ ادارہ عوام الناس کو فوری انصاف فراہم کرنے کا انتہائی سستا ذریعہ ہے۔ اسے آپ غریبوں کی عدالت بھی کہہ سکتے ہیں، جہاں نہ کوئی فیس ہے اور نہ ہی وکیل کا خرچہ۔ انہوں نے مزید بتایا Out Reach Compla (OCR Resolutio) پروگرام کے تحت ہمارے افسران نے سال 2022ء کے دوران ملک بھر کے تحصیل اور ضلعی ہیڈ کوارٹرز پر جا کر 5048 شکایات کا ازالہ کیا۔ سال 2022ء کے دوران وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کو وفاقی اداروں کے خلاف ایک لاکھ 64 ہزار 174 شکایات موصول ہوئیں جو کہ سال 2021ء کے مقابلے میں 49 فیصد زیادہ ہیں جب کہ ایک لاکھ 57 ہزار 770 شکایات کے فیصلے کیے گئے جو پچھلے سال سے 47 فیصد زیادہ ہیں۔ اس کے علاوہ پچھلے سال کے مقابلے میں آن لائن شکایات میں بھی 100 فیصد اضافہ ہوا۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ ہم نے 90 لاکھ کے لگ بھگ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لیے باقاعدہ ایک "شکایات کمشنر" مقرر کر رکھا ہے جو بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات پر فوری کارروائی کر کے ان کے مسائل حل کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں ہم نے ملک کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر "یکجا سہولیاتی ڈیسک" قائم کر رکھے ہیں جہاں 12 متعلقہ اداروں کے ذمہ داران ہفتے کے ساتوں دن چوبیس گھنٹے موجود ہوتے ہیں اور موقع پر ہی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ سال 2022ء کے دوران "شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز" کی طرف سے بیرون ملک پاکستانیوں کی 137,423 شکایات نمٹائی گئیں جو کہ 2021ء کے مقابلے میں 133 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جیلوں کی اصلاح کے لیے شکایات کے سلسلے میں 12 سہ ماہی رپورٹس سپریم کورٹ میں پیش کی جا چکی ہیں جب کہ مختلف سرکاری اداروں کی اصلاح کے لئے تیار کی گئی 28 مطالعاتی رپورٹوں کی سفارشات پر عمل درآمد کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کا عزم کر رکھا ہے اور اس کے لیے الگ سے ایک "عمل درآمد ونگ" بنایا گیا ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ 24 جنوری 1983ء کو قائم ہوا تھا اور 24 جنوری 2023ء کو اس ادارے کو قائم ہوئے 40 سال پورے ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر پاکستان پوسٹ نے وفاقی محتسب کی طرف سے عوام کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کے 40 سال کے کامیاب سفر پر 20 روپے کا ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا ہے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ پاکستان ایشیاء کے ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں سب سے پہلے وفاقی محتسب کے نام سے ادارہ قائم کیا گیا۔ ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (AOA) کے نام سے قائم تنظیم میں 25 ممالک شامل ہیں اور اس کے ارکان کی تعداد 44 ہے۔ پاکستان کے وفاقی محتسب کا ایشیاء کے محتسبین کی اس ایسوسی ایشن میں ایک کلیدی کردار ہے۔ اس ادارے کا مرکزی سیکرٹیریٹ وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ کے دفتر میں واقع ہے اور وہ اس ایسوسی ایشن کے بھی صدر ہیں۔ ایسے ہی انٹرنیشنل امبڈسمن انسٹی ٹیوٹ (IOI) اور اسلامی ممالک کے محتسبین کی تنظیم "OIC امبڈسمن ایسوسی ایشن" میں بھی پاکستان ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

THE DAILY IBRAT Hyderabad
روزاني عبرت حيدرآباد
65 YEAR 1958-2022
Regd: NO -24301-H
Hyd: Ph: 2728703-4, 2728571-2, Fax: 2781879, 2784300 - Isld Ph: 2823277
Karachi Ph: 2272030-7 - 4538862-3 - Fax: 2272038-9 - 4543839 - 2639492- Lahore: Ph: 5854047-8
سال (92) | اربع 25 جنوري 2023ع بمطابق 02 رجب المرجب 1444 هه صفحا 8 - ملهه 20 رپيه | شمارو (164)
website: www.dailyibrat.com Email: ibrat@yahoo.com, ibratmarketing@yahoo.com

# وفاقي محتسب ريجنل آفيس

سکر(بيورو رپورٽ) وفاقي محتسب ريجنل آفيس سکر جي انچارج ڊپٽي ڊائريڪٽر محمود علي شاهه ٻڌايو ته جاري ڪندي ڄاڻايو آهي ته اداري کي وفاقي ادارن خلاف سال 2022 دوران هڪ لک 64هزار 1 سئو 74 شڪايتون وصول ٿيون جيڪو تاريخي رڪارڊ آهي، وفاقي اداري کي سال 1983 ۾ 7 هزار 8 سو 12 شڪايتون موصول ٿيون جڏهن ته هيل تائين اداري کي 18 لک 90 هزار 4 سو 69 شڪايتون مليون ۽ انهن تي فيصلو ڪيو ويو آهي ٻڌائي ۾ وفاقي محتسب انچارج سکر ٻڌايو آهي ته ادارو 1983 ۾ ٺهيو ۽ گذريل 40 سالن کان عام ماڻهن کي انصاف جي فراهمي لاءِ ڏينهن رات جاکوڙي پيو ۽ اداري کي 40 سال مڪمل ٿيڻ تي وفاقي اداري جي هيڊ آفيس اسلام آباد سميت سمورن ريجنل آفيسن اندر پروگرام پڻ منعقد ڪيو ويو آهي جنهن جو مقصد عوام کي دروازن جي چائنٽ تي انصاف فراهم ڪرڻ کي يقيني بڻائڻ کي ورجايو ويو آهي

GOVERNMENT OF PAKISTAN,
REGIONAL INFORMATION OFFICE,
PRESS INFORMATION DEPARTMENT,
PESHAWAR.

Date: 25-01-2023 Page:

Publication: Jihaad

# 2022 میں 1 لاکھ 60 ہزار شکایات پر کارروائی کی گئی، اعجاز قریشی



**اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت کے بغیر ایک سال میں اپنی کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ**

**قانون کی حکمرانی اور سرکاری دفاتر کے نظام کو بہتر انداز میں چلانے کے لیے بھرپور کردار ادا کیا**

**وفاقی محتسب کے 40ویں یوم تاسیس پر خصوصی تقریب کا انعقاد، یادگاری ڈاک ٹکٹ جاری**

اسلام آباد (پ ر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے سادہ اور پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ادارے کے چالیسویں یوم تاسیس کے موقع پر ایک ہے کہ وفاقی محتسب (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 106)



اسلام آباد، وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے یوم تاسیس کے موقع پر پاکستان پوسٹ کا جاری کردہ یادگاری ٹکٹ چسپاں کر رہے ہیں

بقیہ 106

سیکرٹریٹ نے گزشتہ 40 برسوں کے طویل سفر کے دوران کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں جو اس کے لیے نیک نامی کا باعث ہیں۔ انہوں نے سابقہ محتسبین کی خدمات کو بھی بھرپور انداز سے سراہا جن کی مسلسل کاوشوں سے اس ادارے نے ترقی کی منازل طے کیں اور اب تک 19 لاکھ کے قریب شکایات نمٹائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دے کر کہا کہ پچھلے سال ہم نے بہت سے نئے اقدامات اٹھائے اور سادہ و آسان دفتری طریقہ کار اختیار کر کے کسی اضافی بجٹ اور مزید افرادی قوت کے بغیر ایک سال میں اپنی کارکردگی میں 50 فیصد اضافہ کیا۔ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سہولت فراہم کرنے کے لیے چھوٹے شہروں اور دور دراز کے علاقوں میں کھلی کچہریوں کا آغاز کیا گیا اور ہمارے 17 علاقائی دفاتر کی طرف سے تحصیلوں اور ضلعوں کی سطح پر کھلی کچہریاں لگا کر ملک بھر میں عوام کو ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف فراہم کیا گیا۔ اسی طرح معائنہ ٹیمیں ترتیب دی گئیں اور ایسے ادارے جن کے خلاف شکایات زیادہ تھیں وہاں پر ہمارے سینئر افسران پر مشتمل ٹیموں نے دورے کر کے لوگوں کی شکایات سنیں اور موقع پر ہی ہدایات

جاری کیں نیز متعلقہ افسران سے میٹنگز کر کے نظام کی اصلاح کے لیے قابل عمل تجاویز دیں جس کے باعث دفتری طریقہ کار میں بہتری کے ساتھ ساتھ لوگوں کے مسائل حل ہونا شروع ہو گئے اور ان اداروں کے خلاف شکایات میں کمی آئی۔ پچھلے سال اپریل میں آئی آر ڈی (Informal Resolutions of Disputes) کا منصوبہ شروع کیا گیا جس کے تحت جرگہ اور پنچایت کی طرز پر باہمی رضامندی سے غیر رسمی مصالحتی انداز میں اب تک لوگوں کے 1114 تنازعات حل کیے گئے جب کہ 226 کیسز پر کارروائی جاری ہے۔ سال 2022 کے دوران انویسٹی گیشن افسروں اور ایڈوائزروں کی ذمہ داریاں بڑھائی گئیں جس کے باعث ان کی کارکردگی میں سو فیصد اضافہ ہوا۔ مجموعی طور پر اس سال 3 ارب روپے سے زائد مالیت کے تنازعات کے بارے میں شکایت کنندگان نے وفاقی محتسب سے رجوع کیا، بصورت دیگر ان تنازعات کا بوجھ بھی عام عدالتوں پر پڑتا تھا۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ دور دراز اور غیر ترقی یافتہ علاقوں کے زیادہ سے زیادہ لوگوں کو سہولیات فراہم کرنے کے لیے میرپور خاص، خضدار اور سوات میں تین علاقائی دفاتر قائم کرنے کے علاوہ حال ہی میں وانا (جنوبی وزیرستان) اور صدہ ضلع کرم میں دو ذیلی دفاتر بھی کھولے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ وفاقی محتسب میں ایک شکایت کو نمٹانے کے لیے حکومت کا برائے نام خرچ ہوتا ہے جس کے باعث یہ ادارہ عوام الناس کو فوری انصاف فراہم کرنے کا انتہائی سستا ذریعہ ہے۔ اسے آپ غریبوں کی عدالت بھی کہہ سکتے ہیں، جہاں نہ کوئی فیس ہے اور نہ ہی وکیل کا خرچہ۔ انہوں نے مزید بتایا کہ Outreach Complaint Resolution (OCR) پروگرام کے تحت ہمارے افسران نے سال 2022 کے دوران ملک بھر کے تحصیل اور ضلعوں میں جا کر 50487 شکایات کا ازالہ کیا۔

قریشی نے بتایا کہ ہم نے 90 لاکھ کے لگ بھگ بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کی شکایات کے ازالے کے لیے باقاعدہ ایک شکایات کمشنر مقرر کر رکھا ہے جو بیرون ملک پاکستانیوں کی شکایات پر فوری کارروائی کر کے ان کے مسائل حل کر رہا ہے۔ علاوہ ازیں ہم نے ملک کے تمام بین الاقوامی ہوائی اڈوں پر یکجا سہولیاتی ڈیسک قائم کر رکھے ہیں جہاں 12 متعلقہ اداروں کے ذمہ داران ہفتے کے ساتوں دن چوبیس گھنٹے موجود ہوتے ہیں اور موقع پر ہی شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ سال 2022 کے دوران شکایات کمشنر برائے اوورسیز پاکستانیز کی طرف سے بیرون ملک پاکستانیوں کی 137,423 شکایات نمٹائی گئیں جو کہ 2021 کے مقابلے میں 133 فیصد زیادہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ جیلوں کی اصلاح کے لیے، شکایات کے سلسلے میں 12 سہ ماہی رپورٹیں سپریم کورٹ میں پیش کی جا چکی ہیں جب کہ مختلف سرکاری اداروں کی اصلاح کے لیے تیار کی گئی 28 مطالعاتی رپورٹوں کی سفارشات پر عمل درآمد کو ممکن بنایا جا رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے وفاقی محتسب کے فیصلوں پر عمل درآمد کو یقینی بنانے کا عزم کر رکھا ہے اور اس کے لیے الگ سے ایک عمل درآمد ونگ بنایا گیا ہے۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بتایا کہ وفاقی محتسب کا ادارہ 24 جنوری 1983 کو قائم ہوا تھا اور 24 جنوری 2023 کو اس ادارے کو قائم ہوئے 40 سال پورے ہو گئے ہیں۔ اس موقع پر پاکستان پوسٹ نے وفاقی محتسب کی طرف سے عوام کو مفت اور فوری انصاف فراہم کرنے کے 40 سال کے کامیاب سفر پر 20 روپے کا ایک یادگاری ڈاک ٹکٹ بھی جاری کیا ہے۔ وفاقی محتسب نے بتایا کہ پاکستان ایشیا کے ان چند ممالک میں شامل ہے جہاں سب سے پہلے وفاقی محتسب کے نام سے ادارہ قائم کیا گیا۔ ایشین امبڈسمن ایسوسی ایشن (AOA) کے نام سے قائم تنظیم میں 25 ممالک شامل ہیں اور اس کے اراکین کی تعداد 44 ہے۔ پاکستان کے وفاقی محتسب کا ایشیا کے محتسبین کی اس ایسوسی ایشن میں ایک کلیدی کردار ہے۔ اس ادارے کا مرکزی سیکرٹریٹ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے دفتر میں واقع ہے اور وہ اس ایسوسی ایشن کے بھی صدر ہیں۔ ایسے ہی انٹرنیشنل امبڈسمن انسٹی ٹیوٹ (IOI) اور اسلامی ممالک کے محتسبین کی تنظیم OIC امبڈسمن ایسوسی ایشن میں بھی پاکستان ایک اہم کردار ادا کر رہا ہے۔

ABC Certified
اسلام آباد، راولپنڈی، لاہور اور کراچی سے بیک وقت شائع ہونے والا کثیر الاشاعت مستند قومی اخبار
Daily JINNAH Islamabad Rawalpindi
روزنامہ جناح
اسلام آباد
راولپنڈی
بدھ 2 رجب المرجب 1444ھ 25 جنوری 2023ء

# وفاقی محتسب: ایک لاکھ چونسٹھ ہزار ایک سو چوہتر شکایات کا ازالہ

## ہمارا مقصد لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا ہے، سید انوار حیدر کی میڈیا سے گفتگو

کراچی (آن لائن) وفاقی محتسب ادارے کے چالیس سال مکمل ہونے پر کراچی کے سینئر ایڈوائزر اور انچارج سید انوار الحید ر نے ادارے کی کارکردگی پر روشنی ڈالی۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ گزشتہ سال ایک لاکھ چونسٹھ ہزار ایک سو چوہتر شکایات کا ازالہ کیا گیا۔ ایک ماہ میں تین سو سے چار سو کیسز سنتے ہیں اور شکایات کا ازالہ کرتے ہیں۔ (باقی صفحہ 6 بقیہ نمبر 24)

بقیہ 24 وفاقی محتسب

انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی محتسب کے نظام کے تحت شکایات کے درج ہونے سے ساٹھ روز کے اندر اسکا ازالہ کیا جاتا ہے اور اس کے بعد اس پر تیس روز کے اندر عمل درآمد کروایا جاتا ہے۔ سید انوار حیدر نے کہا کہ ہمارا مقصد لوگوں کے لئے آسانیاں پیدا کرنا اور ان کے مسائل کا جلد از جلد ازالہ کرنا ہے۔ انہوں نے وفاقی محتسب نے اپنے اقدامات کے بارے میں بتاتے ہوئے کہا کہ ایئر پورٹ پر بھی ون ونڈو آپریشن شروع کیا گیا ہے تاکہ مسافروں کی شکایات کا فوری ازالہ کیا جاسکے، اس سے پہلے مسافروں خصوصن بین الاقوامی مسافروں کو کافی مسائل درپیش تھے اور اسی صورتحال کے پیش نظر ون ونڈو آپریشن کا آغاز کیا۔ انہوں نے کہا کہ یہ ادارے غریب آدمی کی عدالت ہیں جہاں نہ وکیل کی ضرورت نہ فیس کی ضرورت ہے، کوئی بھی شہری خط، ای میل موبائل ایپ یا ادارے کی ہیلپ لائن پر شکایت درج کروا سکتا ہے اور شکایت کنندگان گھر بیٹھے سماعت میں شامل ہوسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے لئے ایک پراجیکٹ شروع کیا گیا ہے جس کے تحت وفاقی محتسب کے افسران ملک کے دور افتادہ قصبوں اور تحصیل ہیڈ کوارٹرز میں جا کر شہریوں کی شکایات سنتے ہیں اور ان کا ازالہ کرتے ہیں۔ سید انوار حیدر نے مزید بتایا کے ہم نے پاکستان میں معصوم بچوں، ٹرانسجینڈر اور قیدیوں کی لاتعداد شکایات کا ازالہ کیا ہے۔ ایک سوال کے جواب میں سینئر ایڈوائزر نے کہا کے شکایات کی زیادہ تعداد کے الیکٹرک، نادرا، پی آئی اے، سول ایوی ایشن اتھارٹی، واپڈا کی ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کے ہمارے ادارے اور ہماری کوشش [illegible]

WEB:dailymorningspecial.com

کراچی' حیدرآباد' اندرون سندھ' کوئٹہ' پشاور اور دبئی میں یکساں مقبول روزنامہ

ABC CERTIFIED

سچی اور بے باک صحافت' مظلوموں کی آواز★ باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

چیف ایڈیٹر: محمد عرفان قریشی

روزنامہ

مارننگ اسپیشل

کراچی

جلد نمبر 23 شمارہ 228 بروز بدھ 02 رجب المرجب 25 جنوری 2023ء قیمت 10 روپے

# 40 سال سے ادارہ عوام کو انصاف کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے' محمود علی شاہ

## 2022 کے دوران سرکاری اداروں کے خلاف 164,174 ریکارڈ شکایات موصول ہوئیں' ریجنل انچارج

سکھر (رپورٹ اندیم قریشی) وفاقی محتسب سکھر ریجنل کے انچارج نے وفاقی محتسب سکھر کے ریجنل انچارج محمود علی شاہ نے بتایا کہ سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کے خلاف 164,174 ریکارڈ شکایات موصول ہوئیں جو کہ ایک تاریخی ریکارڈ ہے 40 سال سے ادارہ عوام کو انصاف کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے، اس سلسلے میں وفاقی ادارے کو سال 2022 کے دوران سرکاری اداروں کے خلاف 164,174 شکایات موصول ہوئیں جو کہ ایک تاریخی ریکارڈ ہے۔ سال 1983 میں ادرے کو 7 ہزار 8 سو 12 شکایات موصول ہوئیں جبکہ ادارے کو اب تک 18 لاکھ 90 ہزار 4 سو 69 شکایات موصول ہوئیں جن پر فیصلہ بھی سنایا گیا ہے۔ اس سلسلے میں انچارج وفاقی محتسب سکھر محمود علی شاہ نے مزید کہا ہے کہ یہ ادارہ 1983 میں قائم ہوا اور گزشتہ 40 سالوں سے عام لوگوں کو انصاف کی فراہمی کے لیے دن رات کوشاں ہے اور ادارے کے 40 سال مکمل ہونے پر اسلام آباد میں وفاقی ادارے کے ہیڈ آفس سمیت تمام علاقائی دفاتر میں پروگرام کا انعقاد کیا گیا ہے جہاں ہمیشہ کی طرح اس بات کا اعادہ کیا گیا ہے کہ عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کو یقینی بنایا جائے گا۔

CPNE MEMBER
Www.dailypalpalnews.com www.palpalnews.tv
dailypalpalnews@yahoo.com
Daily Palpalnews Lahore
ABC CERTIFIED
پل پل کی خبر سچی اور معتبر
چیف ایڈیٹر
ایوب چوہان
روزنامہ
پل پل نیوز
لاہور

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| رجسٹرڈ نمبر 329 | فیکس 042-36297508 | فون نمبر 042-36371509 | صفحات 6 | قیمت 10 روپے |
| جلد نمبر 16 | بدھ 2 رجب 1444ھ | 25 جنوری 2023ء | 12 ماگھ 2070 ب | شمارہ نمبر 154 |


# وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس لاہور میں ادارہ کے 40 سال مکمل ہونے پر یوم تاسیس کے حوالے سے ایک میڈیا بریفنگ کا اہتمام کیا گیا




لاہور (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس لاہور میں ادارہ کے 40 سال مکمل ہونے پر یوم تاسیس کے حوالے سے ایک میڈیا بریفنگ کا اہتمام کیا گیا جس میں پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا کے نمائندگان نے شرکت کی اس موقع پر جناب عبدالحمید رازی سینئر ایڈوائزر (انچارج)، جناب ریاض حمید چوہدری ڈائریکٹر جنرل (ایڈمن)، جناب ثاقب علیم ایڈوائزر وفاقی محتسب سیکرٹریٹ ریجنل آفس لاہور نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی تک یہ ادارہ 12 سربراہ دیکھ چکا ہے موجودہ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی انتظامی امور کا وسیع تجربہ رکھتے ہیں وفاقی محتسب کا ادارہ 24 جنوری 1983 کو وفاقی حکومت کے اداروں کی بدانتظامی کی تشخیص، تحقیق، اصلاح اور عوام الناس کی شکایت کے ازالے کا ایک واضح اور طے شدہ مقصد سامنے رکھتے ہوئے ایک صدارتی فرمان کے تحت وفاقی محتسب کا ادارہ قائم کیا گیا اس ادارے نے 8 اگست 1983 کو باقاعدہ کام شروع کیا اور پہلے وفاقی محتسب نے حلف اٹھایا۔ اس ادارے کا بنیادی مقصد وفاقی حکومت کے تحت چلنے والے سرکاری اداروں یا اس کے ملازمین کے ہاتھوں انتظامی زیادتیوں، امتیازی سلوک، استحصال، غفلت اور نااہلی کے خلاف عوام الناس کی شکایات کا ازالہ کرنا ہے خاص طور پر معاشرے کے وہ پسے ہوئے لوگ جن کی کہیں شنوائی نہیں ہو رہی اور نہ ہی وہ عدالتوں اور وکلاء □ کے بھاری اخراجات برداشت کر سکتے ہیں سادہ کاغذ پر ایک درخواست لکھ کر وفاقی محتسب کو بھجوائیں تو اس پر کاروائی شروع ہو جاتی ہے اسے آپ غریبوں کی عدالت بھی کہہ سکتے ہیں۔ اب یہ ادارہ ہر سال شکایات کی بہت بڑی تعداد کو نمٹانے کے ساتھ اس قابل ہو گیا ہے کہ شکایت کنندگان کو ان کے گھر کی دہلیز پر کھلی کچہریاں منعقد کر کے انصاف فراہم کر سکے

شروع اللہ کے بابرکت نام سے!
www.dailyiqtida.com
ABC Certified
اسلام آباد
روزنامہ
اقتداء
ایڈیٹر انچیف: سعید قیوم
قیمت: 15 روپے
جلد نمبر 5 | بدھ 2 رجب المرجب 1444ھ 25 جنوری 2023ء صفحات 8 قیمت 10 روپے | شمارہ نمبر 192

# وفاقی محتسب کا 40 واں یوم تاسیس، خصوصی ٹکٹ جاری کیا گیا

## 40 سال کے دوران 19 لاکھ شکایات کا ازالہ کیا، اعجاز احمد قریشی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے ادارے کے چالیسویں یوم تاسیس کے موقع پر ایک سادہ اور پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ نے گزشتہ 40 برسوں کے طویل سفر کے دوران کئی کامیابیاں حاصل کی ہیں جو اس کے لیے نیک نامی کا باعث ہیں۔ انہوں نے سابقہ محتسبین کی خدمات کو بھی بھرپور انداز سے سراہا جن کی مسلسل کاوشوں سے اس ادارے نے ترقی کی منازل طے کیں اور اب تک 19 لاکھ (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 43)



وفاقی محتسب اعجاز احمد ادارے کے چالیسویں یوم تاسیس کے موقع پر خصوصی ٹکٹ پر مہر لگا رہے ہیں

Price Rs. 10

FOUNDED BY (LATE) KAZI SAEED AKBAR & (Late) Kazi Jawad Akbar
PUBLISHED SIMULTANEOUSLY FROM KARACHI and HYDERABAD

The only comprehensive English daily with a regional perspective

The REGIONAL TIMES Of Sindh

Uniting People Every Day




Salma Hayek gets candid about feeling 'more anxious' as she gets older

HEARTLAND



MPA Mir Tariq Ali Khan Talpur inaugurates a training program for MPK teachers

Money



PSE 100-index up by 612.06 points to close at 39,055.65

NATIONAL



'Anti-PTI officers' being deployed in Punjab: Parvez Elahi

SPORTS



Babar Azam makes his way to ICC's Test XI of the Year for 2022



Wahab calls PTI 'movement of allegations'


KARACHI Edition Vol. XIV No 61 Regd. No. 113 visit us at www.regionaltimes.com

Wednesday, January 25, 2023, Rajab 02, 1444 A.H 8 Pages

CIRCULATION CERTIFIED BY ABC




# Federal Ombudsman resolved 164,174 complaints in 2022

By Absar Alvi

SUKKUR: The Regional In-charge of the Ombudsman's Regional Office in Sukkur, Mehmood Ali Shah in a statement issued on Tuesday has stated that the Federal Ombudsman and its regional offices received 164,174 complaints in 2022 which have been resolved successfully. He added that the Federal Ombudsman's Office is making all out efforts to provide speedy justice to the people. The 40th foundation ceremony of the Federal Ombudsman's Office will be celebrated and the efforts will be made to resolve the problems of the people.